# 25-05-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

ا۔ وزیراعظم نریندر مودی نے اپنے من کی بات پروگرام میں کہا ہے کہ آپریشن سے پوری دنیا میں دہشت گردی کے خلاف لڑائی میں ایک نیا اعتماد پیدا ہوا ہے۔

۲۔ وزیراعظم نے سنگاریڈی ضلع کی ڈرون دیدیوں کی تعریف کرتے ہوئے انہیں اسکائی واریئرس قرار دیا اور زراعت کے شعبہ میں ان کی مہارت کی ستائش کی۔

۳۔ بی آر ایس نے الزام لگایا ہے کہ کانگریس حکومت تلنگانہ کے مفادات کی حفاظت میں ناکام رہی ہے۔

اور

۴۔ موسم عہدیداروں نے اگلے تین دنوں میں ریاست کے 20 سے زیادہ ضلعوں کیلئے بارش کی وارننگ دی ہے۔

MKB

وزیراعظم نریندر مودی نے آج کہا ہے کہ آپریشن سندور سے پوری دنیا میں دہشت گردی سے مقابلہ کرنے کیلئے ایک نیا اعتماد اور جوش پیدا ہوا ہے۔ آکاش وانی پر من کی بات پروگرام میں قوم سے خطاب کرتے ہوئے مودی نے آپریشن سندور کے دوران فوجوں کی بہادری کی تعریف کی۔ انہوں نے اُس مہارت کی تعریف کی جس کے ذریعہ فوجوں نے سرحد کے پار دہشت گردوں کے ٹھکانوں کو تباہ کیا ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ پوری دنیا آج دہشت گردی کے خلاف متحد ہے اور اسے ختم کرنے کا تہیہ کرچکی ہے۔

SOUND BYTE - SINDOOR

انہوں نے کہا کہ اس سے پورے ملک میں وطن سے محبت کا جذبہ پیدا ہوا ہے اور وہ ترنگے کے رنگوں میں رنگ گیا ہے۔ مودی نے یہ بھی کہا کہ ہندوستانی سپاہیوں نے زبردست حوصلہ کے ساتھ دہشت گردی کے اڈوں کو ہندوستان میں بنے ہتھیاروں، آلات اور تکنالوجی سے تباہ کیا ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ اس میں آتمانربھر بھارت کا جذبہ بھی شامل ہے۔

SOUND BYTE - TIRANGA

وزیراعظم نے یہ بات بتائی کہ پہلی مرتبہ گڈ چرولی کے گاؤں کاٹے جھاری میں بس پہنچی ہے۔انہوں نے کہا کہ اِس سے پہلے کبھی اِس گاؤں میں بس نہیں گئی تھی کیونکہ یہ گاؤں ماؤنوازوں کے تشدد سے متاثر تھا۔انہوں نے اِس بات پر اطمینان کا اظہار کیا کہ کاٹے جھاری میں یہ تبدیلی آس پاس کے علاقہ میں محسوس کی جارہی ہے اور تیزی سے صورتحال معمول کے مطابق ہورہی ہے۔

SOUND BYTE - MAOISM

انہوں نے اِس بات پر خوشی کا اظہار کیا کہ دسویں اور بارہویں جماعت کے امتحانات میں دنتے واڑہ ضلع کے نتیجہ شاندار رہے۔انہوں نے اِس بات پر فخر کا اظہار کیا کہ دنتے واڑہ میں تعلیم کا پرچم بلند ہورہا ہے جہاں کبھی ماؤنزم اپنی بلندی پر تھا۔ڈرون دیدیو کے بارے میں بولتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ تلنگانہ کے سنگاریڈی ضلع میں عورتیں ڈرونس کی مدد سے 50 ایکر کے زمین پر کیڑے ماردواؤں کا چھڑکاؤ کررہی ہے اور اب انہیں ڈرون آپریٹرس نہیں بلکہ اسکائی واریئرس کہا جارہا ہے۔

SOUND BYTE - DRONE DIDI

انہوں نے بتایا کہ وہ اگلے مہینہ کی 21 تاریخ کو یوگا کے عالمی دن کے موقع پر وشاکھاپٹنم میں ہونے والے یوگاندھراپروگرام میں شرکت کریں گے۔

SOUND BYTE - IYD

وزیراعظم نے عوام کو یہ بھی بتایا کہ گجرات کی گیر میں ببرشیروں کی آبادی پانچ چھ سالوں میں 674 سے بڑھ کر 891 ہوگئی ہے۔انہوں نے یہ بات نوٹ کی کہ ایشیائی ببرشیروں کی آبادی میں اضافہ سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ سماج میں ملکیت کے احساس سے اچھے نتیجہ نکلتے ہیں۔حال ہی میں ہونے والے رائزنگ نارتھ ایسٹ سمٹ کے بارے میں بولتے ہوئے مودی نے کہا کہ شمال مشرق کا علاقہ غیر معمولی ہے۔انہوں نے کرافٹیڈ فائبر کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ یہ سکم کی روایت کا خوبصورت سنگم ہے۔انہوں نے کہا کہ ایک ویٹرنری ڈاکٹر نے اس کی شروعات کی تھی اور اب مقامی نوجوانوں کو اِس کی تربیت دی جارہی ہے۔انہوں نے اترکھنڈ کے ہلدوانی سے تعلق رکھنے والی 65 سالہ جیون جوشی کا ذکر کیا جو پائن ٹری کی لکڑی سے خوبصورت فن پارے بنارہی ہیں۔حال ہی میں منائے گئے

شہد کی مکھیوں کے عالمی دن کے بارے میں بات کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ پچھلے گیارہ برسوں میں ہندوستان میں شہید کی مکھیوں کو پالنے سے ایک میٹھا انقلاب آیا ہے۔ انہوں نے چھتیس گڑھ کے کوریا ضلع کی مثال دی جہاں قبائلی کسانوں نے خالص شہد تیار کیا ہے جس کا نام سون ہانی رکھا گیا ہے۔ بعض اسکولوں میں لگائے گئے شوگر بورڈس کے بارے میں خیالات کا اظہار کرتے ہوئے انہوں نے اس انوکھی کوشش کی تعریف کی اور کہا کہ اس سے بچوں میں صحت مند طرزِ زندگی کی عادتیں پیدا کرنے میں مدد ملے گی۔ انہوں نے کہا کہ فٹ انڈیا ایک مضبوط ہندوستان کی بنیاد ہے۔ انہوں نے آئی ٹی بی ٹی ٹیم کے ارکان کی مثال کی جس نے دنیا کی سب سے مشکل چوٹی ماؤنٹ مکالوسر کی ہے اور صفائی مشن پر عمل کیا ہے۔ انہوں نے 150 کلوگرام سے زیادہ ایسا کچرا نیچے لایا ہے جو تحلیل نہیں ہوتا۔ مودی نے کاغذ کی ری سائیکلنگ کا بھی ذکر کیا اور کہا کہ ہر شخص کو اِس بارے میں سوچنا چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ اِس شعبہ میں کئی ہندوستان اسٹارٹ اپس اچھا کام کررہے ہیں۔

DRONE DIDI

سنگاریڈی ضلع میں زرعی مقصدوں کیلئے ڈرون چلانے کی تربیت حاصل کرنے والی ڈرون دیدیو نے وزیراعظم کے من کی بات خطاب میں ان کے ذکر پر خوشی کا اظہار کیا۔ بھوانی اور وجئے لکشمی کو وزیراعظم کی طرف سے ان کی کہانی سنائے جانے پر کافی فخر محسوس ہوا۔

SOUND BYTES - BHAVANI & VIJAYA LAKSHMI

KISHAN REDDY

کوئلہ کے مرکزی وزیر جی کشن ریڈی نے آج کہا ہے کہ ملک پر اگر حملہ کیا گیا تو وہ ہر حملہ کا سوگنا زیادہ جواب دے گا۔ حیدرآباد کے صنعت نگر میں آج صبح وزیراعظم کا من کی بات پروگرام دیکھنے کے بعد انہوں نے ایک متحد اور صحت مند سماج تعمیر کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ آپریشن سندور کے دوران اس کا مظاہرہ کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ من کی بات پروگرام بیداری پیدا کرتے ہوئے عوام کو متحد کرے گا۔ انہوں نے تمام لوگوں سے کہا کہ وہ دئے گئے مشوروں اور عمل کریں جن میں سوچھتا یوگا اور ذیابطیس کے بارے میں مشورے شامل ہیں۔

REACTIONS

الگ الگ شعبوں سے تعلق رکھنے والے لوگوں نے آکاش وانی پر وزیراعظم نریندر مودی کے من کی بات خطاب سے تحریک حاصل کی۔ انہوں نے آپریشن سندور سے لے کر ڈرون دیدی، یوگا، سوچھتا، میٹھے انقلاب جیسے موضوعات پر اپنے ردعمل ظاہر کیا۔

Byte

SARASWATI

گورنر جشنو دیو ورما نے اپنے ارکانِ خاندان کے ساتھ کالیشورم سرسوتی پشکرالو میں تروینی سنگم کے مقام پر مقدس ڈبکی لگائی۔ گورنر نے کالیشورا مکتیشوراسوامی مندر میں پوجا کی۔ ریاستی وزیر ڈی سریدھر بابو اور ضلع کلکٹر راہول شرما نے گورنر کو سرسوتی نورتنا مالا ہاراتی اور یاتریوں کو پہنچائی جانے والی سہولتوں کے بارے میں بتایا۔ سرسوتی پشکرالو کے موقع پر پچھلے گیارہ دنوں میں لاکھوں یاتریوں نے سنگم پر مقدس ڈبکی لگائی۔

BRS WATER

بی آر ایس کے سینئر لیڈر ہریش راؤ نے آج الزام لگایا ہے کہ کانگریس حکومت ریاست کے پانی سے متعلق مفادات کی حفاظت میں ناکام رہی ہے۔ حیدرآباد میں آج ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ گوداوری کے دوسوٹی ایم سی پانی کو آندھرا پردیش کے بانکاچرلہ پراجکٹ کے ذریعہ منتقل کرنے کی کوششیں کی جارہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پانی کے وسائل میں جائز حصہ داری فنڈس اور روزگار کیلئے تلنگانہ ریاست بنائی تھی۔ سابق وزیر آبپاشی نے کہا کہ اس سے تلنگانہ کے مفادات کو نقصان پہنچے گا۔ انہوں نے الزام لگایا کہ درکار اجازت حاصل کئے بغیر پانکاچرلہ پراجکٹ کے کام شروع کئے گئے ہیں۔

ECET

تلنگانہ انجینئرنگ کامن انٹرنس ٹسٹ ای سیٹ کے نتیجے آج جاری کئے گئے ہیں۔ تقریباً 19 ہزار امیدوار امتحان میں شریک ہوئے جس کے ذریعہ بی ای، بی ٹیک اور بی فارمیسی کے دوسرے سال میں راست داخلے دئے جاتے ہیں۔ کونسل آف ہائیر ایجوکیشن کے صدرنشین پروفیسر بالاکرشنا ریڈی نے حیدرآباد میں نتیجوں کا اعلان کیا۔ اس سال کامیابی کا فیصد 93.87 رہا۔ لڑکیوں نے لڑکوں کو تمام شعبوں میں پیچھے چھوڑ دیا۔

WEATHER

ریاست کے کئی مقامات پر ہلکی سی اوسط بارش اور گرج چمک کے ساتھ بوندا باندی کی پیش قیاسی کی ہے۔ موسم عہدیداروں نے بتایا کہ اگلی تین دن زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت پانچ سے 60 ڈگری کم رہنے کا امکان ہے۔ عہدیداروں نے اگلے تین دنوں میں ریاست کے 20 سے زیادہ ضلعوں میں بعض بعض مقامات پر تیز بارش کی ایلو وارننگ جاری کی ہے۔ 30 سے 40 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے تیز ہوائیں چلیں گی۔